© rasailojaraid.com



# جامعہ کے نئے تعلیمی سال ۳۷۔۱۴۳۶ء بمطابق ۱۶۔۲۰۱۵ء کے داخلوں کا شیڈول

## درس نظامی

| درجات | ایام | تاریخ |
|---|---|---|
| تمام درجات کے قدیم طلباء (اعدادیہ تا دورہ حدیث) | جمعرات | ۱۰/شوال ۱۴۳۷ھ بمطابق ۱۴/جولائی ۲۰۱۶ء |
| جدید دورہ حدیث شریف | ہفتہ | ۱۲/شوال ۱۴۳۷ھ بمطابق ۱۶/جولائی ۲۰۱۶ء |
| جدید دورہ حدیث شریف | اتوار | ۱۳/شوال ۱۴۳۷ھ بمطابق ۱۷/جولائی ۲۰۱۶ء |
| اعدادیہ، متوسطہ، اولیٰ، ثانیہ، دورہ حدیث شریف | پیر | ۱۴/شوال ۱۴۳۷ھ بمطابق ۱۸/جولائی ۲۰۱۶ء |
| ثالثہ، رابعہ، خامسہ، دورہ حدیث | منگل | ۱۵/شوال ۱۴۳۷ھ بمطابق ۱۹/جولائی ۲۰۱۶ء |
| تکمیل، سادسہ | بدھ | ۱۶/شوال ۱۴۳۷ھ بمطابق ۲۰/جولائی ۲۰۱۶ء افتتاح |
| موقوف علیہ | جمعرات | ۱۷/شوال ۱۴۳۷ھ بمطابق ۲۱/جولائی ۲۰۱۶ء |

## شعبہ حفظ

درجہ حفظ میں داخلہ کے خواہشمند طلباء کی درخواستیں ۱۵ رمضان بمطابق ۲۰۔جون سے ۱۳/شوال بمطابق ۱۷۔جولائی تک دفتر اہتمام میں جمع کی جائیں گی۔ حفظ کے خواہشمند طلباء کا ٹیسٹ اور انٹرویو وغیرہ ۱۳۔۱۴ شوال بمطابق ۱۷۔۱۸ جولائی بروز اتوار۔پیر صبح 9:00 کو دارالعلوم حقانیہ میں ہوگا (امسال شعبہ حفظ کا داخلہ دارالعلوم حقانیہ کی تعلیمی کمیٹی اور دارالحفظ کے اساتذہ کی مشترکہ نگرانی میں ہوگا)۔صرف وہ امید وار درخواست دیں جو قرآن ناظرہ سے پڑھ چکے ہوں۔عمر ۱۳ سال سے متجاوز نہ ہو۔دو پارے پہلے سے یاد کرنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

## درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء

درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء کیلئے داخلہ درخواست ۱۴ شوال بمطابق ۱۸۔ جولائی بروز پیر تک دفتر اہتمام میں جمع کرائی جائیں گی اور انٹری ٹیسٹ ۱۴۔شوال بمطابق ۱۸۔ جولائی بروز پیر صبح 9:00 بجے ہوگا۔

**نوٹ:۱** تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء کا دورانیہ 2 سال ہوگا۔

**نوٹ:۲** امسال درجہ اعدادیہ سے لیکر بشمول درجہ سادسہ اسباق اردو میں بھی پڑھائے جائینگے۔لہٰذا اردو زبان سمجھنے والے طلباء کرام داخلہ لے سکتے ہیں۔درجہ متوسطہ میں وہ طلباء داخلہ لینگے جو کہ ساتویں جماعت پاس ہو۔

**نوٹ:۳** داخلہ کے خواہشمند طلباء کیلئے نادرا شناختی کارڈ کا ہونا لازمی ہے اور جو امیدواران نابالغ ہیں وہ اپنے والد صاحب کا نادرا شناختی کارڈ ضرور لائیں اور ساتھ تین عدد پاسپورٹ سائز رنگین تصاویر بھی ضروری ہیں

**نوٹ:۴** امسال دارالعلوم حقانیہ میں شعبہ تجوید کا الگ شعبہ ہوگا جس میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نصاب کے مطابق حفاظ کیلئے دوسالہ کورس اور علماء کرام کیلئے یک سالہ کورس پڑھایا جائیگا

**نوٹ:۵** ہر درجہ میں داخلہ کیلئے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے تحتانی درجات کے اصلی سندات کا برائے معائنہ دکھانا لازمی ہے اور ساتھ ان ہی اسناد کے دو عدد فوٹوسٹیٹ بھی لانا ضروری ہے۔

**نوٹ:۶** تمام قدیم طباء کرام کا داخلہ رجسٹریشن کارڈ پر ہوگا لہٰذا قدیم طلباء کرام اپنے ساتھ رجسٹریشن کارڈ ضرور لائیں۔

**نوٹ:۷** جو غیر ملکی طلباء کرام جامعہ میں داخلہ کے خواہش مند ہوں وہ پاکستانی ویزہ اور دیگر ضروری دستاویزات اپنے ساتھ ضرور لائیں۔

**دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا باضابطہ آغاز ان شاء اللہ ۱۶ شوال ۱۴۳۷ھ بمطابق ۲۰ جولائی ۲۰۱۶ء بروز بدھ ہوگا**

© rasailojaraid.com